# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 497
Dated Peshawar, the 10/06/2024.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5$^{TH}$SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir/Madam,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under Rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at **Annexure-I.**

**2.** Questions in the1$^{st}$, 2$^{nd}$, 3$^{rd}$, 4$^{th}$ and 5$^{th}$groups as at **Annexure-II** will be taken-up in the forthcomingSession of the Assembly. However, less than ten days' notice of a question from the day of its answering would be deleted from the list, if Session is summoned, shortly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be furnished at the earliest.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the givenlink:www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(JEHANZEB KHAN)**
**DEPUTY SECRETARY-V.**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/498-509 Dated 10 /06/2024.

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Additional Secretaries I & IV, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for official website.
9. The Deputy Secretaries IV, V& VI, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Assistant Secretaries II, IV & VII, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. P.S to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa.
12. The Assistant Director Coordination& Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

**DEPUTY SECRETARY-V.**

**ANNEXURE-I**

## PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 01st | To be fixed after summoning of Session | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 02nd | To be fixed after summoning of Session | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 03rd | To be fixed after summoning of Session | • Population Welfare<br>• Health<br>• Home & Tribal Affairs |
| 04th | To be fixed after summoning of Session | • Labour<br>• Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 05th | To be fixed after summoning of Session | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment<br>• Administration |

ZAU

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا پہلا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:36 AM - Mon
**Question # 257سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب)خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیاہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:39 AM - Mon
**Question # 256سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟اس میں کتنا جاریاور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیاہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:44 AM - Mon
**Question # 150سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیادیہ درست ہے کہ محکمہ طلباء کومفت درسی کتُب فراہم کرتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ درسی کتُب کے علاوہ غریب اور نادار طلبا کومفت یونیفارم بھی فراہم کرتا ہے؟

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)ہزارہ ڈویژن میں سال 2018 سے تا حال محکمہ تعلیم نے کس درجے تک درسی کتب فراہم کی ہیں اور حکومت کو سالانہ کتنے اخراجات اٹھانے پڑے ہیں سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ii) حکومت نے کتنے پرائمری اور ہائی سکولوں کے بچوں کومفت یونیفارم دی ہیں اور کتنا خرچ آیا ہے سکول وائز اور سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:46 AM - Mon
**Question # 149سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیمازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں؟

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو توہزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شُدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:47 AM - Mon
**Question # 148سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ وروغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟نیز رقم خرچ کرنے کاطریقہ کار کیا ہے؟

(ii)اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:55 AM - Mon**
**Question # 241 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Jun 25, 2024 -Tue**
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Food state that:

(a) Is it true that recruitments were made in the Caretaker government from January 2023 to 27th February 2024?

(b) If the answer is in affirmative then please provide all the recruitments detail in the following manner.

i. S No.

ii. Department

iii. Number of recruitments made

iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc.

v. Date of recruitment

vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexure.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:03 AM - Mon
**Question # 203 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that recruitment have been made in the caretaker government from January, 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters alongwith annexes.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:04 AM - Mon
**Question # 202 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that procurement have made in the Caretaker Government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement (works/ services/ etc.)
v. quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:13 AM - Mon
**Question # 183 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں وقتاً فوقتاً بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہوتو سال 14-2013 سے لیکر مارچ2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنی بھرتیاں ہوئی ہیں،ان کی تفصیل گریڈ وائز بمعہ شناختی کارڈز کے مہیا کی جائے؟

P-2

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:14 AM - Mon
**Question # 184**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف کالجز و یونیورسٹیز میں تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوتے رہے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013-14 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنے تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوئے ہیں ان کی تعمیر لاگت، پی سی ون اور ٹھیکدار و فرمز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:15 AM - Mon
**Question # 185**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف کیٹگیری کے سکول موجود ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں تمام سکولوں کی تعداد بلحاظ درجہ مکمل تفصیل یونین کونسل وائز فراہم کی جائے نیز ان سکولوں میں اساتذہ کی تعداد، طلباء کی تعداد اور تعلیمی سہولیات و سرگرمیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:18 AM - Mon
**Question # 187**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے

-

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:21 AM - Mon
**Question # 165**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2016-17 اور 2018-19 میں صوبہ خیبر پختونخوا کی سالانہ گندم پیداوار اور کھپت (Consumption) کتنی تھی؟

(ب) مذکورہ سالوں کے دوران کتنی گندم دوسرے صوبوں سے منگوائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:24 AM - Mon
**Question # 162**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں بجلی کے منصوبے لگانے کیلئے پیڈو کا ادارہ موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پیڈو صوبے میں بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کا مرکزی ادارہ ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) مذکورہ ادارہ نے معرض وجود میں آنے کے بعد صوبے میں کتنے منصوبے لگائے ہیں؟

(ii) مذکورہ منصوبوں پر کتنی لاگت آئی ہے؟ تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

(iii) مذکورہ منصوبوں سے سالانہ کتنی میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟ ان منصوبوں سے صوبے کو سالانہ کتنا فائدہ ہوگا تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

P-3

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:25 AM - Mon
**Question # 161سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں خام تیل کے ذخائر موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ان خام تیل کے ذخائر سے یومیہ ہزاروں بیرل تیل کی پیداوار حاصل ہوتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو: -

(i) اس وقت صوبے میں کتنے خام تیل کے ذخائر موجود ہیں ان کی تفصیل تحصیل و ضلع وائز فراہم کی جائے؟

(ii) نیز کنوؤں سے یومیہ کتنی بیرل پیداوار حاصل ہوتی ہے ان کی تفصیل کنواں وائز فراہم کی جائے۔

P-4

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

## پانچویں اجلاس کا دوسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:34 AM - Mon
**Question # 259 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟

(ب) مذکورہ فنڈ میں سے کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ج) مذکورہ خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں پر اور کن کن سکیموں میں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:35 AM - Mon
**Question # 258 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:41 AM - Mon
**Question # 254 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:59 AM - Mon
**Question # 152 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Live stock, Fisheries & Cooperation states that:
(a) Is it true that as recruitment made in the care taker government from January , 2023 to 27th February 2024?
(b) If yes, then provide detail in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexes

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:00 AM - Mon
**Question # 153 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Live Stock, Fisheries & Cooperation states that:
(a) Is it true as procurement made in the care taker government from January , 2023 to 27th February 2024?
(b) If yes, then provide detail of procurement in the following manner.
i. S No.
ii. Departments
iii. Procuring Entity along with the district
iv. Nature of procurement (works/ services/ etc.)
v. Detail and quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:01 AM - Mon
**Question # 154 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture states that:
(a) Is it correct that recruitment has been made in the Caretaker Government from January, 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then kindly provide detail of recruitment in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexes.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:02 AM - Mon
**Question # 155 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture states that:
(a) Is it correct that procurement has been made in the Caretaker Government from January, 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative, then kindly provide detail of procurement in the following manner.
i. S No.
ii. Department.
iii. Procuring Entity along with the district.
iv. Nature of procurement (works/services/etc).
v. Detail and quantity of items procured.
vi. Worth/cost of the procurement.
vii. Source of funding (ADP/regular budget/own source accounts/foreign funded projects/etc).

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:12 AM - Mon
**Question # 199سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ PK-115 میں مختلف واٹر سپلائی سکیم موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ PK-115 میں فعال اور غیر فعال واٹر سکیموں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ حلقہمیں غیر فعال سکیمیں کب تک فعال ہو جائیں گی، تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:27 AM - Mon
**Question # 159سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (پی ڈی اے) محکمہ ھذا کی زیر نگرانی کام کر رہا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ 24 مارچ 2022 کو PUDB بورڈ میٹنگ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی سربراہی میں ہوئی؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ اس میٹنگ کا نوٹیفیکیشن No: SOE(LG)/2-188/PUDB/2019 dated 15/04/2022 کو جاری ہوا؟

(د) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ میٹنگ میں (Leave Encashment (365 days کی منظوری فنانس ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفیکیشن No No.So(FR)FD/5-92/2005/RO-IV/6040 مورخہ 25-07-2017 کے تحت دی گئی۔

(ذ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) سال 2012 سے لیکر 15-04-2022 تک پی ڈی اے میں گریڈ ایک سے لیکر گریڈ 16 تک اور گریڈ 17 سے لیکر گریڈ 19 تک کتنے ملازمین ریٹائرڈ ہوئے ان کے نام بمعہ عہدہ، ریٹائرمنٹ تاریخ اور اس مد میں ان ریٹائرڈ ملازمین کو کل کتنی رقم ادا کی گئی کی مکمل تفصیلات مہیا کی جائے۔

(ii) اس دوران کتنے ملازمین کے لیے Leave Encashment 365 days کی منظور ہوئی اور کتنے ملازمین کی Leave encashment 180 days کی منظوری ہوئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

P-6

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:31 AM - Mon
Question # 169 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jun 12, 2024 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی پراجیکٹ پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی مکمل کیا گیا؟ جس میں اے ڈی پی سکیم کے تحت پشاور بس سٹینڈ بھی شامل تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پی ڈی اے محکمہ بلدیات کے زیر سایہ کام کرتی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو بی آر ٹی اور پشاور بس سٹینڈ کی تعمیر کیلئے پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اکاؤنٹ سے اب تک کتنی رقم لی گئی ہے اس کی تفصیل مہیا کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:33 AM - Mon
Question # 191 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jun 14, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پشاور ٹو ڈی آئی خان موٹروے /ایکسپریس وے بنانے کا ارادہ رکھتا ہے ؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ منصوبے پر کام کا آغاز کب ہوگا؟

(ii) مذکورہ منصوبہ صوبائی حکومت اپنی مدد آپ کے تحت تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے یا پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے ذریعے تعمیر کیا جارہا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:35 AM - Mon
Question # 170 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jun 12, 2024 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ کے مختلف اضلاع میں گنے کی کاشت ہوتی ہے ؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو خیبر پختونخوا کے کن کن اضلاع میں گنا کی کاشت کتنے رقبے پر ہوتی ہے ؟

(ج) صوبہ بھر میں سالانہ گنے کی پیداوار کتنی ہے ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:36 AM - Mon
Question # 193 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jun 25, 2024 -Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ میں تعمیراتی کمپنیوں کی رجسٹریشن سے سالانہ کتنے پیسے وصول ہوتے ہیں نیز پاکستان کے دیگر محکموں کی طرح بغیر رجسٹریشن کے کوئی کمپنی بولی میں حصہ لے سکتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 11:03 AM - Mon
Question # 231 سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jun 14, 2024 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ایم سی کو پشاور میں قائم کالونیوں کی دیکھ بھال کے لیے مالی سال 2020 سے 2024 تک فنڈ ملا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فنڈ مختلف کالونیوں اور ان کے اندر ہر ایک سرکاری گھر کے لیے علیحدہ علیحدہ مختص کیا گیا تھا؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مالی سال 2020 سے 2024 میں سول کوارٹرز میں سی ٹائپ گھروں کے لیے کتنا کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ جس ٹھیکدار نے کام کیا ہے اس کا نام، سب انجینیرز کی ایم بی (MB) کی فوٹو کاپیاں، گھر وار اور سال وار علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

P-7

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:05 AM - Mon
**Question # 230سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ کی زیر نگرانی ڈائریکٹریٹ آف پراونشل بلڈنگ مینٹیننس سیل کام کر رہا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈائریکٹریٹ کے ذمہ پشاور میں قائم سرکاری کالونیوں کی دیکھ بھال اور مرمت کا کام ہے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ ہر ایک کالونی کے لیے اپنا اپنا ایکسین، ایس ڈی او، سب انجینیرز اور دیگر سٹاف متعین ہوتا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جنوری 2018 سے دسمبر 2023 تک سول کوائٹرز اور سول کالونی کوہاٹ روڈ کے لیے کون کونسے ایس ڈی اوز اور سب انجینیرز اور دیگر سٹاف تعنیات رہا ہے؟ ان کے نام، مدت تعنیاتی بمہ آرڈرز کے فراہم کیے جائیں۔

P-8

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا تیسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:30 AM - Mon
**Question # 235** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع پشاور میں گزشتہ سات سالوں سے تاحال مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی درخواستیں، شناختی کارڈ، ڈومیسائلز، تعلیمی اسناد، بھرتی کے آرڈرز، موجودہ پوسٹنگ آرڈرز، اخباری اشتہارات کی کاپیاں، بنیادی سکیل اور سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے نام فراہم کئے جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:31 AM – Mon
**Question # 237** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے پی پی ایچ آئی (People's Primary Healthcare Initiative) پراجیکٹ کے لیے سال 2018 سے 2022 تک بجٹ میں فنڈز مختص کیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ادارے نے جن جن اضلاع میں مذکورہ عرصہ کے دوران جو فنڈز استعمال کیا ہے اس کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:32 AM – Mon
**Question # 261** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کو سال 2020 میں کرونا وائرس (وباء) سے نمٹنے کیلئے بیرونی امداد اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی NDMA سے مالی اور ساز و سامان کی شکل میں امداد ملی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تاحال بیرونی اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی طرف سے فراہم کی گئی امداد کی مکمل تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:33 AM - Mon
**Question # 266** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی پی ایچ آئی ایک غیر سرکاری ادارہ ہے؟ لیکن اس کے باوجود صوبائی حکومت نے سال 2018 سے 2022 تک بجٹ میں اس کے لیے فنڈز مختص کرتی رہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں نے اس ادارے پر پابندی لگائی ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے اجوابات اثبات میں ہوں تو

(i) حکومت نے مذکورہ عرصہ کے دوران بجٹ میں کتنی رقم مختص کی تھی سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ادارہ کس کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے اس شخص / ادارے کا نام اور اگر کسی سیاسی پارٹی سے وابستگی ہے تو اس پارٹی کا نام بھی بتایا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:37 AM - Mon
**Question # 255** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:42 AM - Mon
سوال نمبر Question # 264
Sent to Dept Date: Jun 14, 2024 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے ضلع کرم میں گزشتہ دو سالوں کے دوران مختلف کوٹہ پر بھرتیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع کرم میں جن جن آسامیاں پر جس کوٹہ کے تحت بھرتیاں کی گئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کی میرٹ لسٹ اور تعیناتی کے احکامات سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:43 AM - Mon
سوال نمبر Question # 263
Sent to Dept Date: Jun 14, 2024 - Fri
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے متعدد سرکاری ملازمین پی پی ایچ آئی میں تعینات تھے / ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2022 سے 2024 تک مذکورہ پراجیکٹ میں تعینات شدہ ملازمین کی تعداد اور ان کے عہدوں کی تفصیل فراہم کی جائے

(ii) مذکورہ سرکاری ملازمین کی تاحال پراجیکٹ میں موجودگی کی وجوہات بتائی جائیں۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:45 AM – Mon
سوال نمبر Question # 151
Sent to Dept Date: Jun 12, 2024 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تاحال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:48 AM - Mon
سوال نمبر Question # 233
Sent to Dept Date: Jun 25, 2024 -Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا لشمینیا بیماری کا علاج انصاف کارڈ میں شامل ہے؟

(ب) مذکورہ بیماری کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات سرکاری ہسپتالوں اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:49 AM - Mon
سوال نمبر Question # 262
Sent to Dept Date: Jun 25, 2024 -Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے سوشل ہیلتھ پروٹیکشن انیشیٹیو کے نام سے پروگرام شروع کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ پروگرام کب شروع کیا گیا ہے؟ اس کے اغراض ومقاصد کیا ہیں؟

(ii) مذکورہ پروگرام کے لئے فنڈز کہاں سے مہیا کیا جاتا ہے؟

(iii) مذکورہ پروگرام کو چلانے کیلئے کتنا سٹاف / عملہ کام کر رہا ہے ان کی تنخواہیں کتنی ہیں؟

(iv) مذکورہ پروگرام سے اب تک کتنی کامیابی حاصل ہوئی ہے مکمل تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

P-10

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:53 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 234**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بہبودی آبادیارزاہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ بہبودآبادیصوبے میں کہاں کہاں پر سائلین کومالی معاونت،علاج معالجےاور خوراک کے سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

(ب) محروم طبقے کوفراہم کردہ سہولیات کی ریکارڈ سمیت سورسز کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:05 AM - Mon
**Question No. 201**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Home states that:

(a) Is it true that recruitment have been made in the Caretaker Government from January , 2023 to 27th February, 2024?

(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.

i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters alongwith annexes.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:06 AM - Mon
**Question No. 200**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Home states that:

(a) Is it true that procurement have been made in the Caretaker Government from January , 2023 to 27th February, 2024?

(b) If yes please provide all the procurement detail in Police department in the following manner.

i. S No.
ii. Procuring Entity along with the district
iii. Nature of procurement (works/ services/ etc)
iv. Detail and quantity of items procured
v. Worth / cost of the procurement
vi. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:10 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 267**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ مارچ 2021 میں جانی خیل ضلع بنوں کے علاقے میں عوام نے 4 لاشوں کے ساتھ دھرنا دیا تھا؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ 28 مارچ 2021 کو جانی خیل قبیلے اور اس وقت کے وزیراعلیٰ کے درمیان تصفیہ ہوا جس کی تفصیل سٹامپ پیپر پر تحریر کی گئی تھی۔

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اسٹامپ پیپر پر تحریر شدہ تصفیہ کے مندرجات پر اب تک جو عمل ہوا ہے اسکی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:11 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 156**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرصحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلفبنیادی صحت مراکز، رولرزمراکزاور کیٹیگری ڈی ہسپتال موجود ہیں؟

(ب) مذکورہ مراکز صحت میں کون کونسی صحت کے سہولیات کس طریقہ کار کے تحت دی جاری ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا چوتھا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:50 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 260**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت و فنی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں نوجوانوں کو بے روزگاری سے بچانے کیلئے ٹیکنیکل سکولوں میں تعلیم کے ساتھ ٹریننگ دی جاتی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:51 AM – Mon
**سوال نمبرQuestion # 268**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت و فنی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا میں نوجوانوں کیلئے ٹیکنیکل ایجوکیشن اداروں کی تعداد اور اس میں اساتذہ کی تعداد کتنی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) کیا ٹیکنیکل ایجوکیشن کی مانیٹرنگ کا کوئی نظام ہے طالب علموں کو ان کی صلاحیت اور قابلیت کے مطابق مہارت دی جاتی ہے تفصیل فراہم کی جائے

(ج) کیا نوجوانوں کو ان کے جاری پیشوں میں زیادہ مہارت حاصل کرنے کیلئے کوئی طریقہ کار ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:19 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 186**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خشت بھٹیاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان بھٹیوں میں مزدور بھی کام کرتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) صوبے میں بھٹہ خشت کی تعداد کتنی ہے۔

(ii) ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کتنی ہے اور یہ مزدور ورکرز ویلفئیر بورڈ کیساتھ رجسٹرڈ ہیں کہ نہیں۔

(iii) ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو حکومت کی جانب سے کونسی مراعات ملتی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:28 AM - Mon
**Question No. 188**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Environment/Wildlife state that:.

(a) Is it true that every year the Government issue hunting licenses to the hunters of the Province?

(b) If the reply is in affirmative then:-

(i) How many hunters applied for hunting licenses in 2019?

(ii) How many hunting licenses have been issued to the hunters in 2019? and

(iii) How much fees collected from them detail may be provided.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:39 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 195**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری و محاصل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں تمباکو کاشت کرنے والے اضلاع موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2020 سے 2021 تک مذکورہ اضلاع کو Tobacco Development Cess کی مد میں کتنا کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے اس کی سالانہ تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

P-12

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:48 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 198**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محکمہ آبکاری و محاصل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا حکومت نے مالی سال 2019-2020 اور 2021 میں سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی مد میں کتنی رقم فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:13 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 236**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے بلین ٹری سونامی منصوبوں کے تحت شجر کاری کی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) صوبائی حکومت نے اب تک کل کتنے رقبے پر شجر کاری کی ہے۔

(ii) اس منصوبے سے پہلے صوبے میں کل کتنے رقبے پر جنگلات موجود تھے۔

(iii) عالمی معیار کے مطابق صوبے میں کل کتنے رقبے پر محیط جنگلات درکار ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:05 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 248**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب ارباب زرق خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے۔80 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ کتنا جاری ہوا تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:09 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 246**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب ارباب زرق خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر حج، اوقاف ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے۔80 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ کتنا جاری ہوا تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

P-13

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

## پانچویں اجلاس کا پانچواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:38 AM - Mon
**Question # 252**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟اس میں کتنا جار یاور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:40 AM - Mon
**Question # 253**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟اس میں کتنا جار یاور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:56 AM - Mon
**Question No.204**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Administration states that:
(a) Is it true that the Administration department made Fuel expenditures in the Care taker Government from January 2023 to 27th February, 2024?
(b) if yes, then provide details of the fuel expenditure in the following manner.
i. S.No
ii. Number of Liters
iii. Type of Fuel (Petrol or Diesel)
iv. Name of Minister / Officer / Official or Pool of the concern
v. Total Expenditure of fuel
vi. Approval of the Competent Authority.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:57 AM - Mon
**Question No. 205**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Administration states that:
(a) Is it true that recruitment have been made in the care taker government from January , 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitments made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters along with annexes

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:58 AM - Mon
**Question No. 206**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Administration states that:
(a) Is it true that procurement have been made in the caretaker government from January , 2023 to 27th February, 2024?
(b) If yes please provide all the procurements detail in Administration department in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement (works/ services/ etc.)
v. Detail and quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

P-14

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:10 AM - Mon
**Question # 224** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ روڈ پر سول کواٹرز کے ساتھ محکمہ کی زیر نگرانی دوکانیں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ دوکانیں انتہائی کم کرایہ پر من پسند لوگوں کو دی گئی ہیں؟

اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو: ۔

(i) سول کواٹرز کے ساتھ روڈ پر کتنی دوکانیں ہیں اور فی دوکان کرایہ کتنا ہے؟

(ii) مذکورہ دوکانیں کس کس کو کرایہ پر دی گئی ہیں؟ کرایہ دار کا نام، مکمل پتہ اور ایگریمنٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

(iii) گزشتہ پانچ سالوں میں مذکورہ دوکانوں سے جمع کیا گیا کرایہ کی سال وائز تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:16 AM - Mon
**Question # 157** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت مختلف اداروں کو Grant in Aid کی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت نے سال 14-2013 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو Grant in Aid کی مد میں کتنی رقم مہیا کی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:22 AM - Mon
**Question # 164** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چشمہ رائٹ بنک کنال ڈیرہ اسماعیل خان سے محکمہ واپڈا اور محکمہ آبپاشی کے ذریعے ضلع کی ذیلی نہروں کو کتنے کیوسک پانی فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو چشمہ رائٹ بنک کینال سے ضلع کی جن ذیلی نہروں کو باقاعدہ پانی کی نکاسی کی جاتی ہے اور ان نہروں کے نام اور پانی کی مقدار کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:32 AM - Mon
**Question # 168** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ارسا معاہدے (IRSA Accord) کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کو پانی کا کتنا فیصد حصہ دیا جاتا ہے؟

(ب) متعلقہ پانی کو صوبے کے کن کن اضلاع میں استعمال کیا جاتا ہے نیز غیر استعمال شدہ پانی کونسا صوبہ اور کتنا استعمال کرتا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:38 AM - Mon
**Question # 171** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مورخہ 24 مارچ 2018 کو ڈیرہ اسمعیل خان بمقام سکندر جنوبی تحصیل پُروا میں بم دھماکہ ہوا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بم دھماکے میں کتنے افراد زخمی / شہید ہوئے تھے اور مذکورہ متاثرہ لوگوں کیلئے حکومت کی طرف سے اب تک کیا اقدامات اٹھائیں گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:41 AM - Mon
**Question # 197سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور میں صوبائی حکومت کے زیر نگرانی مختلف علاقوں میں سرکاری ملازمین کے لئے سرکاری کالونیاں موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ دراصل یہ تمام سرکاری رہائش گاہیں صرف ان غیر مقامی ملازمین کو الاٹ کی جاتی ہیں جن کے اپنے یا بیوی بچوں کا پشاور میں کوئی ذاتی گھر نہ ہو؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ جن آفسران اور ملازمین کو یہ سرکاری گھر الاٹ ہوتے ہیں ان سے اس سلسلے میں اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ حلفیہ بیان لیا جاتا ہے؟

(د) اگر (الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا محکمہ انتظامیہ اور اسٹیٹ آفس کے پاس اس رسمی حلف نامہ کے علاوہ بھی کوئی ایسا میکنیزم موجود ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی آفیسر اور ملازم کا ذاتی گھر ہے یا نہیں 01/01/2011 سے لے کر تاحال اس بناء پر جتنے سرکاری آفسران اور ملازمین سے سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ کینسل کر کے گھر خالی کئے گئے ہیں ان کی مکمل فہرست فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:46 AM - Mon
**Question # 179سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہصوبہ خیبر پختونخوا چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے سے زرعی لحاظ سے خود کفیل ہو سکتا ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ یہ صوبے کی معیشت کیلئے نہایت اہم منصوبہ ہے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ سابقہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوانے اس اہم منصوبے کی فزیبلٹی اور پی سی ون کو حتمی شکل دینے کے احکامات جاری کئے تھے؟

(د) اگر (الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)مذکورہ منصوبے کی فزیبلیٹی رپورٹ فراہم کی جائے؟

(ii)منصوبے سے جنوبی اضلاع کی کتنی زمین سیراب ہو گی؟

(iii)منصوبے کا ماسٹر پلان،پی سی ون اور مدت تکمیل کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:02 AM - Mon
**Question # 219سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ سرکاری ملازمین کو سرکاری رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے مختلف سکیلز کے ملازمین کیلئے علیحدہ علیحدہ ویٹنگ لسٹیں مرتب کرتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے یہ سنیارٹی لسٹیں اپنی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کرنا ہوتی ہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ سال2019 کے بعد نئی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپلوڈ نہیں کی؟

(د) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے تاحال سنیارٹی لسٹ کو اپڈیٹ نہیں کیا؟اوراس سنیارٹی لسٹ میں ان ملازمین کے نام بھی شامل ہیں جو فوت ہو چکے ہیں، ریٹائرڈ ہو چکے ہیں یا ان کو سرکاری رہائش گاہ الاٹ ہو چکی ہیں؟

(ہ) اگر (الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ اپڈیٹ لسٹ کب ویب سائٹ پر اپلوڈ کی جائے گی اور سال2019 کے بعد نئی لسٹ اپلوڈ نہ کرنے والوں کے خلاف کیا تادیبی کاروائی کی جائے گی؟

(ii) ہر لحاظ سے مکمل سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں کی ویٹنگ لسٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:04 AM - Mon
**Question # 213سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ M.Philالاونس کیلئے مختلف محکماجات کے سینکڑوں ملازمین کی طرف سے درخواستیں محکمہ خزانہ کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ من پسند مخصوص لوگوں کویہ الاونس دیاگیااور میرٹ سے ہٹ کر فیصلے کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر(الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کے پاس کتنے کیس M.Philالاونس کے لیےپنڈنگ ہیں اور کتنے ہوچکے ہیں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:06 AM - Tue
**Question # 247سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 -Tue
**جناب ارباب زرق خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرزکواۃعشر،سوشل ویلفئیر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے۔80کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟کتنا جاری ہوا تھااور کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

P-17